© rasailojaraid.com



# شرعی اوزان پیمانے اور پیمائشیں

* تحقیق علامہ نجم الدین (م ۷۱۰ھ)
* ترتیب۔ ڈاکٹر الخاروف مکہ یونیورسٹی
* ترجمہ۔ سلمان الحسینی ندوی

## تحقیقی مطالعوں کا نچوڑ

شرعی اوزان، پیمانوں و پیمائشوں کے بارے میں مختلف تحقیقی مضامین شائع ہوتے رہے ہیں اور نتائج تحقیق میں اختلاف بھی رہا ہے۔ لیکن عام طور پر طویل تحقیقی مضامین پڑھنے کی نوبت لوگوں کو کم ہی آتی ہے۔ اور کبھی اوزان میں اختلاف قابل اطمینان نتیجہ تک پہنچنے نہیں دیتا۔ اس لئے شرعی اوزان اور ان کے مقابل جدید اوزان کا نقشہ پیش کیا جا رہا ہے۔ جو فقہ و حدیث کے طالب علموں کے لئے مفید ہوگا۔ اوزان و پیمانوں کے بارے میں یہ معلومات ڈاکٹر محمد احمد اسماعیل الخاروف کے نقشہ پر مبنی ہے۔ جو انہوں نے علامہ نجم الدین ابن الرفعہ الانصاری (م ۷۱۰ھ) کی کتاب "الایضاح والتبیان فی معرفة المکیال والمیزان" کے آخر میں درج کیا ہے۔

ابن الرفعہ علامہ ابن تیمیہ (م ۷۲۸ھ) کے معاصر ہیں اور شافعی المذہب ہیں۔ ابن تیمیہ نے ایک مناظرہ کے بعد ان کے بارے میں کہا تھا۔ "رایت شیخا یتقاطر فقة الشافعیة من لحیته" میں نے ان کو ایسا عالم پایا کہ ان کی داڑھی سے فقہ شافعی ٹپکتا تھا۔ یہ لہجہ اگرچہ بظاہر طنز آمیز ہے لیکن اعتراف سے خالی نہیں۔

ابن الرفعہ مصر میں محتسب کے عہدہ پر فائز تھے۔ اور اسی زمانہ میں انہوں نے مندرجہ بالا کتاب تصنیف کی۔ جو شرعی اوزان و پیمانوں پر مستقل تصنیف ہے۔ اور مصنف کی تحقیق کا نچوڑ ہے۔ ڈاکٹر الخاروف نے جو جامعہ ام القریٰ مکہ مکرمہ کے کلیة الشریعہ میں ریڈر ہیں۔ فاضلانہ حواشی کے ساتھ اس کتاب کو ایڈٹ کیا ہے۔ اس سے پہلے وہ ڈاکٹریٹ کا مقالہ (THESIS) بھی اسی موضوع پر "چودہ صدیوں میں اسلامی اوزان، پیمانے اور پیمائشیں اور میٹر کے نظام سے ان کا موازنہ" کے عنوان سے لکھ چکے ہیں اور اس موضوع پر تیار کردہ اب تک کے مواد سے پورا فائدہ اٹھایا ہے اور جو اوزان و پیمانے آثار قدیمہ کے خزانے میں محفوظ رہ گئے ہیں ان کا مشاہدہ اور ان کے متعلق تحقیقات کو بھی پیش نظر رکھا ہے ان کی اس طویل کد و کاوش کا نتیجہ حسب ذیل ہے۔

### اوزان شرعی — شرعی اوزان گراموں میں

| | | | گرام | ملی گرام |
|---|---|---|---|---|
| ۰۱ | اوقیہ | چاندی کا | ۱۱۹ | |
| ۰۲ | اوقیہ | سونے کا | ۲۹ | ۷۵ |
| ۰۳ | اوقیہ | [illegible] | [illegible] | |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| نمبر | نام | تفصیل | گرام | ملیگرام |
|---|---|---|---|---|
| ۴۔ | حبّہ | (شرعی دینار کے حساب سے) جب کہ ایک دینار کا وزن ۷۲ جو کے دانوں کے برابر ہو | ۳۴ | |
| ۵۔ | حبّہ | (شرعی سکہ درہم کے اعتبار سے) جب کہ درہم کا وزن ۵۰ جو کے دانوں کے برابر ہو | | ۵۹ |
| ۶۔ | حبّہ | (مثقال شرعی کے اعتبار سے) | | ۶۲ |
| ۷۔ | دانق | (دینار شرعی کے اعتبار سے) | | ۷۰۸ |
| ۸۔ | دانق | (وزن درہم کے اعتبار سے) | | ۵۲۸ |
| ۹۔ | دانق | (سکہ درہم کے اعتبار سے) | | ۴۹۵ |
| ۱۰۔ | دانق | (وزن مثقال کے اعتبار سے) | | ۷۵۵ |
| ۱۱۔ | درہم شرعی | (جو وزن کے لئے استعمال ہوتا تھا) | ۳ | ۱۷۱ |
| ۱۲۔ | درہم بغلی | | ۳ | ۷۷۶ |
| ۱۳۔ | درہم خوارزمی | | ۲ | ۳۶ |
| ۱۴۔ | درہم طبری | | ۲ | ۱۲۵ |
| ۱۵۔ | دینار شرعی | جو بطور سکہ استعمال ہوتا تھا | ۴ | ۲۵ |
| ۱۶۔ | رطل شرعی | (بغدادی) جو ناپنے یا تولنے کے لئے استعمال ہوتا تھا۔ | ۴۰۸ | |
| ۱۷۔ | رطل شرعی | چاندی کے سکوں کے وزن کے لئے۔ | ایک کلو ۴۲۸ | |
| ۱۸۔ | مثقال شرعی | ناپ یا تول کے لئے | ۴ | ۵۳ |

## قدیم اسلامی پیمانے اور پانی کے وزن کے اعتبار سے لیٹر میں اور گندم کے اعتبار سے گرام میں انکی تحدید

| نمبر | پیمانہ | لیٹر | ملی لیٹر | گرام | ملی گرام |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | اردب مصری۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں | ۶۶ | - | ۵۲۱۴۰ | |
| ۲۔ | جریب فارسی عراقی " " " | ۱۳۲ | ۲۱۳ | ۱۰۴۴۸ | |
| ۳۔ | صاع نبوی۔ حنفیہ کے نزدیک | ۴ | ۱۲۷ | ۳۲۹۶ | |
| ۴۔ | صاع نبوی۔ شوافع۔ حنابلہ اور مالکیہ کے نزدیک | ۲ | ۷۵ | ۲۱۷۵ | |
| ۵۔ | عَرَق شرعی۔ شوافع۔ حنابلہ اور مالکیہ کے نزدیک | ۴۱ | ۲۱۶ | ۳۲۶۲۵ | |
| ۶۔ | فَرَق شرعی " " " | ۸ | ۲۶۳ | ۶۵۲۸ | |
| ۷۔ | قدح مصری۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں | ۱ | ۳۷۵ | ۱۰۸۷ | |
| ۸۔ | قفیز عراقی۔ عراق و ایران کے اسلامی فتح کے وقت | ۳۳ | ۵۳ | ۲۶۱۱۲ | |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| نمبر | نام | تفصیل | لیٹر | ملی لیٹر | | گرام | ملی گرام |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۔ | قلتین | تقریبی طور پر | ۳۰۷ | | | | |
| ۱۰۔ | مُد نبوی | حنفیہ کے نزدیک | ۱ | ۴۳ | | ۸۴۴ | ۲ |
| ۱۱۔ | مُد نبوی | شوافع، حنابلہ اور مالکیہ کے نزدیک | ۱ | ۴۳ | | ۵۴۳ | ۴ |

نوٹ۔ گندم کا پانی کے ساتھ تناسب تقریباً ۹۷ فی صد ہے

## قدیم اسلامی پیمائش اور میٹر کے نظام سے ان کی تحدید

| نمبر | نام | میٹر | سنٹی میٹر | | ملی میٹر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | اصبع شرعی | | ۱ | | ۹۲۵ لمبائی |
| ۲۔ | ذراع شرعی | | ۴۶ | | ۲ ″ |
| ۳ | ذراع فاروقی | | ۷۶ | | ۳۷ ″ |
| ۴۔ | برید شرعی | ۲۲۱۷۶ | | | |
| ۵۔ | جریب شرعی ۔ فاروقی | ۱۳۶۶ | | | ۴۱۶ مربع |
| ۶۔ | قدم شرعی ۔ چلنے میں دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ | | | | ۲ |
| ۷۔ | جو شرعی | | | | ۳۲۰ ملی میٹر |
| ۸۔ | شرعی مسافت قصر | ۴۸ کیلومیٹر | | | ۷۰۴ میٹر |
| ۹۔ | میل شرعی | ایک کیلومیٹر | | | ۸۴۸ ″ |
| ۱۰۔ | فرسخ شرعی | ۵ کیلومیٹر | | | ۵۵۴ ″ |
| ۱۱۔ | قدم شرعی | | | ۱۵ | ۴ |


## اکوڑہ خٹک میں دینی و علمی کتب کا مرکز

اہل علم دینی حلقوں کے طلبہ علوم دینیہ کے مرکز اکوڑہ خٹک میں ایک مرکزی کتب خانہ کی ضرورت تھی۔ جو شائقین کو ہر قسم کی علمی، دینی کتابیں مناسب نرخ پر مہیا کر سکے۔ دار الکتب العلمیہ کا قیام اس مقصد کیلئے ایک اہم قدم ہے۔ مناسب رعایتی نرخوں پر ہر قسم کی درسی و غیر درسی علمی و دینی کتب مہیا کرنے والا یہ واحد ادارہ آپ کا منتظر ہے۔

دار الکتب العلمیہ ــــ نزد چونگی نمبر ۲ ــــ اکوڑہ خٹک




© rasailojaraid.com